# واشنگٹن ارلی انٹرویشن سروسز

## فیملی کاسٹ پارٹیسیپیشن (FCP)

Department of Early Learning
Early Support for Infants and Toddlers (ESIT)
P.O. Box 40970
Olympia, WA 98504-0970
فون: 360.725.3500

DEL 11-019d (8/13)

**سوالات یا خدشات؟**

آپ کے ارلی انٹرویشن (EI) پروگرام کا پروگرام ڈائریکٹر فیملی کاسٹ پارٹیسیپیشن (FCP) یا ارلی انٹرویشن سروسز کے متعلق آپ کے کسی قسم کے سوالات دے سکتا ہے۔



آپ کا/کی فیملی ریسورس کو آرڈینیٹر (FRC) ہے:

فون:______________________________

پروگرام:____________________________

***"اگر میں خرچ برداشت نہ کر سکوں، تو کیا ہو گا؟"***

آپ کے خاندان کو اپنی بیمہ کی مشترکہ ادائیگیوں، مشترکہ بیمہ یا کٹوتیوں کے لیے ادائیگی کرنے سے قاصر ہونے پر ارلی انٹرویشن کی سروسز سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ آپ کو دیے گئے فارم کو مکمل کرنے سے آپ کی ادائیگی کی صلاحیت ہونے یا نہ ہونے کا تعین کیا جائے گا۔ اگر ہم اس بات کا تعین کرتے ہیں کہ آپ ان اخراجات کے لیے ادائیگی کے قابل ہیں، تو آپ ان کی مکمل ادائیگی کرنے کے ذمہ دار ہوں گے۔ آپ کا FRC اور سروس فراہم کنندہ آپ کو اس معاملے میں مدد فراہم کرے گا۔

ایک خاندان ہر مرتبہ اپنی بیمہ کی مشترکہ ادائیگیوں، مشترکہ بیمہ، کٹوتیوں یا ماہانہ خاندانی فیس کے لیے ادائیگی کی صلاحیت کا دوبارہ تعین کیے جانے کی درخواست کر سکتا ہے، جب خاندان کی آمدنی یا اخراجات میں کوئی تبدیلی ہو۔

اگر کوئی خاندان اپنی اپنی بیمہ کی مشترکہ ادائیگیوں، مشترکہ بیمہ، کٹوتیوں یا ماہانہ خاندانی فیس کے لیے ادائیگی میں 90 دن سے زیادہ پیچھے رہ جاتا ہے، تو EI پروگرام اس وقت تک IFSP سروسز کو معطل کر سکتا ہے، جب تک EI پروگرام کے ساتھ ادائیگی کا ایک منصوبہ تیار نہ کر لیا جائے۔

***""میرا خیال تھا کہ میرا بیمہ ارلی انٹرویشن سروسز کے اخراجات کا احاطہ کرتا ہے۔"***

ہو سکتا ہے کہ طبی بیمہ کے کچھ پلانز EI کی کچھ سروسز کا احاطہ کر سکتے ہوں، جبکہ دوسرے نہیں کرتے۔ EI آپ کے بچے کی IFSP سروسز کے لیے آپ کے خاندان کی خرچ میں شمولیت، اگر کوئی ہو تو، کا تعین کرنے کے لیے آپ کے ساتھ انفرادی طور پر کام کرے گا۔ فیملی کاسٹ پارٹیسیپیشن (FCP) اس بات کو یقینی بنانے کے لیے ضروری ہے، کہ تمام اہل بچوں کو سروسز تک رسائی حاصل ہو۔

# واشنگٹن ارلی انٹروینشن (EI) سروسز

### ***"ارلی انٹروینشن پروگرام (EI) کا خرچ کیا ہے؟"***

اس بارے میں پہلے سے جاننے کا کوئی طریقہ نہیں ہے کہ آپ کے بچے کی EI سروسز کے لیے خرچ کیا ہو گا۔ ہمیں یہ معلومات اس وقت تک حاصل نہیں ہو گی، جب تک ہم آپ سے بات نہ کر لیں اور اس بات کا تعین کر لیں کہ آپ ارلی انٹروینشن میں شمولیت کے نتیجے میں اپنے بچے اور خاندان کے لیے کیا ہوتا دیکھنا چاہتے ہیں۔ آپ کے بچے اور خاندان کو موصول ہونے والی سروسز آپ کے خاندان کی ترجیحات، وسائل، خدشات اور آپ کے بچے کی ضروریات کی بنیاد پر ہوں گی۔ ان کا تعین آپ اور آپ کے ساتھ کام کرنے والی ٹیم کرے گی۔ ارلی انٹروینشن سروسز ہر بچے اور خاندان کے لیے انفرادی ہوتی ہیں۔



### ***کیا سروسز کا کوئی خرچ ہے؟***

انڈیویجوئلز ود ڈس ایبلٹی ایجوکیشن ایکٹ (IDEA) کا حصہ C ایک وفاقی قانون ہے، جو اس بارے میں رہنمائی کرتا ہے کہ ارلی انٹروینشن سروسز (EI) کیسے فراہم کی جاتی ہیں۔ IDEA کچھ EI سروسز کے لیے فیملی کاسٹ پارٹیسپیشن (FCP) کی اجازت دیتا ہے۔ FCP میں خاندان کے سرکاری یا نجی بیمہ کا استعمال شامل ہے۔ کچھ حالات میں، FCP میں خاندان کی فیسیں بھی شامل ہو سکتی ہیں۔

### ***"میرا خیال تھا کہ سروسز مفت ہیں۔"***

IDEA کا حصہ C اس بات کا تقاضہ کرتا ہے کہ آپ کے خاندان کو EI کی کچھ سرگرمیاں مفت فراہم کی جائیں۔ ان سرگرمیوں میں شامل ہے:

- چائلڈ فنڈ (ایسے بچوں کی تلاش کے لیے رابطے کرنا، جو EI کے لیے اہل ہو سکتے ہیں)۔
- معائنہ اور جائزہ (اس بات کا تعین کرنے کے لیے کہ آیا کوئی بچہ EI کے لیے اہل ہے)۔
- سروس کو آرڈینیشن (ایسی سرگرمیاں، جو خاندان کے لیے وسائل فراہم کرتی ہیں)۔
- انڈیویجوئلائیزڈ فیملی سروس پلان (IFSP) کی تیاری اور فیملی پلان کی نظرثانیاں۔
- خاندانی حقوق (جنہیں پروسیجرل سیف گارڈز اور ڈیو پراسس کہا جاتا ہے)

### ***"مجھے کیسے پتہ چلے گا کہ کوئی خرچ ہے؟"***

ایک فارم، جو آپ کو بھرنے کا کہا جائے گا، آپ کو اس بات کا تعین کرنے میں مدد فراہم کرے گا کہ آیا سروسز کے لیے کوئی خرچ ہو گا یا نہیں۔ اگر آپ فارم پر اپنے سرکاری یا نجی بیمہ کو استعمال کرنے پر رضامند ہوتے ہیں اور اپنی مشترکہ ادائیگیوں، مشترکہ بیمہ اور کٹوتیوں کی ادائیگی کرنے پر متفق ہیں، تو آپ کو کوئی بھی معاشی معلومات فراہم کرنے کی ضرورت نہیں ہو گی۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ آپ اپنے بیمہ کی مشترکہ ادائیگیوں، مشترکہ بیمہ اور کٹوتیوں کی ادائیگی کرنے کے قابل نہیں ہوں گے، تو اس بات کا تعین کرنے کے لیے معاشی معلومات فراہم کی جانی ہو ں گی، کہ آیا سروسز کے لیے کوئی خرچ ہو گا۔

### ***"اگر میں اپنی آمدنی یا طبی بیمہ کے بارے میں معلومات نہ دینے کا انتخاب کروں، تو کیا ہو گا؟"***

خاندانوں کے پاس اپنی آمدنی کے بارے میں معلومات نہ فراہم کرنے یا پروگرام کو اپنے سرکاری یا نجی طبی بیمہ کو بل بھیجنے کی اجازت نہ دینے کا حق موجود ہے۔ اگر آپ اپنی آمدنی کی معلومات فراہم نہ کرنے، میڈیکیڈ کے لیے (اگر اہل ہوں) درخواست نہ دینے یا پروگرام کو اپنے بیمہ کو بل بھیجنے کی اجازت نہ دینے کا فیصلہ کرتے ہیں، تو آپ کے لیے آپ کے خاندان کے سائز اور آمدنی کی بنیاد پر فراہم کی جانے والی ان سروسز کے لیے ایک ماہانہ خاندانی فیس کا تخمینہ لگایا جائے گا، جو فیملی کاسٹ پارٹیسپیشن (FCP) کا حصہ ہوں۔

خاندان کے لیے ممکنہ اخراجات کے بارے میں مزید تفصیلی معلومات سسٹم آف پیمنٹس اینڈ فِیس پالیسی میں فراہم کی گئی ہیں، جو فیملی ریسورس کوآرڈینیٹر (FRC) آپ کو دے گا/گی۔

**خاندان کی آمدنی اور اخراجات کی معلومات رازدارانہ ہوتی ہے۔ یہ آپ کی تحریری اجازت کے بغیر کسی دیگر پروگرام (سرکاری یا نجی) کو دستیاب نہیں ہے۔**

### ***"اگر میں کسی دوسرے ارلی انٹروینشن پروگرام میں شامل یا منتقل ہو جاؤں، تو کیا ہو گا؟"***

آپ کو نئے EI پروگرام کو اپنے خاندان کے سائز، آمدنی اور بیمہ کے بارے میں معلومات فراہم کرنی ہوں گی اور نئے پروگرام میں سروسز کے لیے ادائیگی میں مدد دینے کے لیے اپنے سرکاری یا نجی بیمہ کو استعمال کیے جانے کے لیے رضامندی دینی ہو گی۔